بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ + عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ربوہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۷۱ / ۳۶ | بدھ ۵ ربیع الاول ۱۴۰۳ھ ، ۲۲ فتح ۱۳۶۱ ہش ۲۲ دسمبر ۱۹۸۲ء | نمبر ۲۸۷

اخبارِ احمدیہ

ربوہ : ۲۱ ۔ فتح / دسمبر ۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے بارے میں آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

"ساری رات سر درد کی تکلیف رہی ۔ نزلہ ابھی ختم نہیں ہوا ۔"

احباب کرام خصوصی توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ مولا کریم اپنے خاص فضل سے حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا کرے اور اپنی رحمتوں اور برکتوں سے معمور طویل زندگی عطا کرے ۔ آمین ۔

سو ممالک میں تبلیغ کی سکیم

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے امسال انصار اللہ کے سالانہ اجتماع میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا :۔

"سو سالہ جوبلی منانے سے پہلے ہمیں اللہ تعالیٰ کے حضور کچھ تحفے پیش کرنے چاہئیں ..... سو سالہ جشن کس طرح منائیں اور اپنے ربّ کے حضور کیا پیش کریں ۔ بہت سی باتوں میں سے ایک یہ بات میرے پیش نظر ہے کہ ہم یہ عہد کریں کہ کم از کم ایک سو ممالک میں تبلیغ کے ذریعے اسلام کا جھنڈا گاڑ دیں ۔"

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اس سکیم اور ارشاد کی تعمیل کے سلسلہ میں مندرجہ ذیل ممالک میں آباد احمدی احباب کے پتے درکار ہیں ۔ اگر ایسے احباب خود یہ اعلان پڑھیں تو دفتر وکالت تبشیر کو فوری اطلاع فرمادیں ۔ یا اگر کسی دوست کو ان ممالک میں رہنے والے احمدی احباب کا علم ہو تو ان کے بارے میں مطلع فرمادیں ۔ جزاکم اللہ ۔

کوریا ، تائیوان ۔ تھائی لینڈ ، پاپوا نیوگنی ۔ نیپال ۔ مالدیپ ۔ شمالی یمن ۔ جبوتی ۔ قبرص ۔ صومالیہ ۔ حبشہ (ایتھوپیا) تیونس ۔ مالٹا ۔ مراکش ۔ پرتگال ۔ آئس لینڈ ۔ فن لینڈ ۔ ماریطانیہ ۔ چاڈ ۔ لیشٹن سٹائن ۔ سنٹرل افریقن ریپبلک ، کانگو ۔ گبون ۔ ایکوٹیوریل گنی ۔ جزائر ساؤ تومے ۔ جزائر کیپ ورڈ ۔ انگولا ۔ موزمبیق ۔ نیمبیا ۔ بوٹسوانہ ۔ ارجنٹائن ۔ یوروگوائے ۔ چلی ۔ بولیویا ۔ پیرو ۔ ایکواڈور ۔ کولمبیا ۔ فرنچ گی آنا ۔ وینزویلا ۔ گریناڈا ۔ جزائر باربڈوس ۔ جزائر سینٹ لوسیا ۔ ڈومینیکا ۔ ڈومینیکن ریپبلک ۔ ہائٹی ۔ جزائر بہاماز ۔ جمیکا ۔ پانامہ ۔ کوسٹاریکا ۔ نکاراگوا ۔ ہنڈوراس ۔ ایل سلواڈور ۔ گوئٹے مالا ۔ میکسیکو ۔ ویسٹرن سموا ۔ سوازی لینڈ ۔

(وکیل التبشیر)

بیرون ممالک میں نئے مشنوں کیلئے رضاکار مبلغین کی فوری ضرورت

بکوشید اے جواناں تا بدیں قوت شود پیدا
بہار و رونق اندر روضہ ملت شود پیدا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ نے مسجد سپین کے افتتاح کے موقعہ پر اس عزم کا اعلان فرمایا ہے کہ صد سالہ جوبلی کے استقبال کے لیے ہم انشاء اللہ العزیز سو ممالک میں اسلام کا جھنڈا گاڑیں گے ۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے اس مبارک عزم کو عملی جامہ پہنانے کیلئے جامعہ احمدیہ کے فارغ التحصیل مبلغین کی تعداد ناکافی ہے ۔ لہٰذا حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی ہدایت کے مطابق سکیم یہ ہے کہ ایسے تعلیم یافتہ مخلصین جماعت جنہیں تبلیغ کا شوق ہو اور خدمت کا جذبہ رکھتے ہوں اور صحت اچھی ہو ۔ انہیں معمولی ٹریننگ دیکر بیرونی ممالک میں تبلیغ کے لیے بھجوایا جائے ۔

اس غرض کے لیے احباب جلد از جلد اپنے نام امامِ وقت کی خدمت میں پیش کریں ۔

(وکیل التبشیر)

احبابِ جماعت میں بیداری کی نئی لہر

امام ہمام کی آواز پر اضافہ کے ساتھ بجٹ ارسال کرنیوالی جماعتوں کی چوتھی فہرست

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ فرمودہ ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت میں ایک نیا ولولہ اور جوش دیکھنے میں آرہا ہے بہت سی جماعتوں کی طرف سے سالِ رواں کے بجٹ گزشتہ سال کی نسبت ۵۰ فیصد سے زائد اضافہ کے ساتھ موصول ہو رہے ہیں ۔ الحمد للہ تعالیٰ ۔ ایسی جماعتوں کی چوتھی فہرست بغرض دعا شائع کی جارہی ہے ۔

۱ ۔ چک ۲۳/ن.ب.ع ضلع بہاولپور ۲ ۔ چک ۶۳/ن.ب.ع جنوبی بہاولپور ۳ ۔ چک ۵۵/ن.ب.ع ضلع بہاولپور
۴ ۔ چک ۸۹/ن.ب.ع یزمان " ۵ ۔ چک ۱۹۲/مراد ضلع بہاولپور ۶ ۔ سمہ سٹہ ضلع بہاولپور
۷ ۔ منڈی چشتیاں ضلع بہاولنگر ۸ ۔ چک ۹ بستی نور پور ضلع بہاولنگر ۹ ۔ چک ۱۴۱/مراد " "
۱۰ ۔ چک ۱۲۹/ن.ر ضلع بہاولنگر ۱۱ ۔ چک ۱۹۱/ن.ر ضلع بہاولنگر ۱۲ ۔ چک ۲۴۱/ن.ر ضلع بہاولنگر
۱۳ ۔ چک ۷۲۲/ن.ر ضلع بہاولنگر ۱۴ ۔ چک ۱۸۵/ن.ر بہاولنگر

(باقی صفحہ پر)

جلسہ سیرت النبی صلے اللہ علیہ وسلم

امسال ربوہ میں جلسہ سیرت النبی صلے اللہ علیہ وسلم مورخہ ۲۹ دسمبر ۱۹۸۲ء کو جلسہ گاہ مردانہ میں صبح ۹½ بجے سے ۱½ بجے تک زیر صدارت محترم مرزا عبدالحق صاحب صوبائی امیر ہوگا انشاء اللہ ۔ جس میں سلسلہ کے جید علماء آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ پر مختلف عنوانات پر تقاریر فرمائیں گے ۔

ربوہ میں موجود جملہ احمدی دوست اس جلسہ میں شمولیت فرمائیں ۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ ، پبلشر : مسعود احمد ، پرنٹر : سید عبدالحی ، مطبع : ضیاء الاسلام پریس ربوہ ، مقام اشاعت : دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ ، قیمت : ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

آؤ ہم بھی چلیں

آؤ ہم بھی چلیں آؤ ہم بھی چلیں
چل کے جلووں کا دیدار ہم بھی کریں

(۱)

آؤ ہم بھی چلیں آج دربار ہے
ہم کو دینے پہ مائل وہ سرکار ہے
رُوح کے واسطے جو بھی درکار ہے
اُن کے اِس لطف سے روح سرشار ہے
جھولیاں جا کے برکت سے ہم بھی بھریں
آؤ ہم بھی چلیں آؤ ہم بھی چلیں

(۲)

جا کے ربوہ میں دیکھیں گے وہ بستیاں
جن سے بستی رہیں گی نئی بستیاں
جن سے طاغوت کی دُور ہیں مستیاں
کس طرح بس گئیں اوج پر پستیاں؛
ایسی بستی کا رُخ آج ہم بھی کریں
آؤ ہم بھی چلیں آؤ ہم بھی چلیں

(۳)

ایک دھڑکن کے ہیں گرد سب دھڑکنیں
ہر اشارے میں روحانیت کی دُھنیں
جس پہ اک ساتھ جھکتی ہیں سب گردنیں
جن سے تعمیرِ نَو کی فصیلیں بنیں
آؤ کچھ رازِ سربستہ ہم بھی سنیں
آؤ ہم بھی چلیں آؤ ہم بھی چلیں

(۴)

دُور کر دیں چلو تیرگی دَھر کی
ہر جگہ روشنی ہو مہ و مہر کی
آج خشکی پہ بھی موج ہو بحر کی
ہو چمک ہر طرف اک نئی لہر کی
دل میں شمعِ نئی ایک روشن کریں
آؤ ہم بھی چلیں آؤ ہم بھی چلیں

(۵)

سب خطابات سُن لیں اگر دھیان سے
انقلاب ہم پہ آئے گا عرفان سے
دیکھنا حُسن چھلکے گا احسان سے،
اب دُعا ہے نصیرؔ اپنے رحمٰن سے
نُور افشاں رہیں اپنی سب محفلیں
آؤ ہم بھی چلیں آؤ ہم بھی چلیں

شیخ نصیر الدین احمد
ربوہ

آجاؤ کہ اب مجلسِ عرفان یہیں ہے

اک حُسنِ جہاں تاب جو ربوہ میں مکیں ہے
طاہر اسے کہتے ہیں وہ رخشندہ جبیں ہے
بھر بھر کے پیو بادۂ عرفاں کے پیالے
آجاؤ کہ اب "مجلسِ عرفان" یہیں ہے
لے آؤ انہیں جو بھی ہیں تشکیک گزیدہ
ربوہ کی زمیں مرکزِ انوارِ یقیں ہے
کب "مجلس اقوام" میں ہے وحدتِ افکار
ہے وحدتِ افکار تو بس ایک یہیں ہے
یہ نظم، یہ اُلفت، یہ اخوت، یہ مساوات
دکھلا دیں ہمیں آپ اگر اور کہیں ہے
شاہانِ جہاں پائیں گے اب کپڑوں سے برکت
وہ وقت بھی آپہنچا ہے اب دُور نہیں ہے
پہنچو گے کنارے پہ اسی کشتیٔ نوح سے
اب جائے اماں اس کے سوا اور نہیں ہے
ہم پیار سے جیتیں گے زمانے کے دلوں کو
ہے دستِ دُعا ہاتھ میں تلوار نہیں ہے
جس ملک پہ طارق کی کبھی چمکی تھی شمشیر
طاہر کے وہ اب پیار سے پھر زیرِ نگیں ہے
ہے اوج پہ توحید کا اب نیّرِ تاباں
تثلیث کو یوں سمجھو کہ اب زیرِ زمیں ہے
دل میں تو شکیبؔ اپنے فقط پیار کی مے ہے
نفرت کا تو اس جام میں اک قطرہ نہیں ہے

(ارشاد احمد شکیبؔ ایم۔ اے۔ صدر جماعت احمدیہ جیکب آباد)

"قومی آواز" دہلی
۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء

اسپین میں ۷½ سو سال بعد پہلی مرتبہ
مسجد کی تعمیر

"بمبئی۔ ۹ ستمبر۔ اسپین میں ساڑھے سات سو سال کے بعد پیدرو آباد میں پہلی بار ایک مسجد تعمیر کی جا رہی ہے۔ اس مسجد کا افتتاح وہاں جمعہ کے دن مسلمانوں کے احمدیہ فرقہ کے روحانی پیشوا حضرت مرزا طاہر احمد کے ہاتھوں کیا جائے گا۔ یہاں احمدیہ فرقہ کے مشن کی جانب سے جاری کئے جانیوالے ایک اخباری بیان میں کہا گیا ہے کہ اس مسجد کا نام مسجد بشارت رکھا گیا ہے۔ یہ مسجد ۱۲۳۸ء میں اسپین سے مسلمانوں کی حکومت کا خاتمہ ہونے کے بعد اس ملک میں پہلی مرتبہ تعمیر کی جا رہی ہے۔ اور مسجد میں ایک لائبریری اور ایک مہمان خانہ بھی تعمیر کیا جائے گا۔ یہ مسجد ۲۱ لاکھ روپیہ سے تعمیر کی جائیگی۔ اس کے افتتاح میں ہندوستان سے بھی ایک وفد شرکت کرے گا۔ جس کی قیادت حضرت مرزا وسیم احمد کریں گے۔" (یو این آئی) (قومی آواز دہلی ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وہ زندہ طاقتیں جو یقین کی سبیل ہیں

(مکرم سید سجاد احمد صاحب دارالرحمت شرقی - ربوہ)

ماہ دسمبر ۱۹۸۲ء کے آخری دنوں میں جماعت احمدیہ کا ۹۰ واں جلسہ سالانہ منعقد ہو رہا ہے۔ یہ اجتماع خالصتاً تائید حق اور اعلائے کلمۃ اللہ کی بنیاد پر چودھویں صدی کے اوائل میں شروع کیا گیا۔ ۱۸۹۱ء میں پہلا اجتماع مسجد اقصیٰ قادیان میں ہوا۔ جس میں حاضری دینے والے سامعین عددی لحاظ سے صرف ۷۵ تھے، اس اجتماع کے متعلق حضرت بانیٔ سلسلہ نے فرمایا:۔

یہ جلسہ کوئی معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمۂ حق پر بنیاد ہے ..... اور اس کے لیے قومیں تیار ہیں۔ جو عنقریب اس میں آملیں گی۔ کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔ ....." اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء

اس وقت سے لیکر اب تک کہ ۱۹۸۲ء کا سن بھی پورے ۹۱ سال ہو گئے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور بانیٔ جماعت کے فرمودہ کے مطابق یہ مقدس و بابرکت اجتماع باوجود نامساعد حالات اور شدید باد مخالف (سوائے چند سالوں کے جن میں بعض ناگزیر حالات کی وجہ سے یہ جلسہ نہ ہو سکا) ہر سال اپنے مقررہ دنوں میں ہوتا چلا آرہا ہے۔ اور خدائے بزرگ و برتر کے افضال اور اس کی برکات اس جلسہ میں شامل ہونے والوں پر بارش کی طرح نازل ہوتی ہیں اور ہر کوئی اسے محسوس کرتا اور بے اختیار کہہ اٹھتا ہے کہ "یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں" اور اس جلسہ میں شمولیت کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ کے بے شمار فضلوں اور اس کی رحمتوں کا نزول بھی دراصل حضرت بانیٔ سلسلہ ہی کی مخلصانہ و عاجزانہ دعاؤں کا ثمرہ ہے۔ جو آپ نے اس جلسہ کی بنیاد رکھتے وقت اس اجتماع میں شریک ہونے والوں کے لیے کی تھیں۔ اور جن کی تاثیر آج بھی جاری و ساری ہے اور انشاء اللہ ہمیشہ اسی طرح رہے گی۔ فرمایا

"ہر ایک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کے لیے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو۔ اور ان کو اجر عظیم بخشے۔ اور ان پر رحم کرے۔ اور ان کی مشکلات اور ان کے اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے۔ اور ان کے ہم و غم دور فرما دے۔ اور ان کو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے۔ اور ان کی مرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے ان بندوں کے ساتھ ان کو اٹھا دے جن پر اس کا فضل اور رحم ہے اور تا اختتام سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدائے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت اور طاقت تجھ ہی کو ہے۔ آمین ثم آمین۔

(اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء)

چشم بینا اور دل دردمند رکھنے والے لاکھوں مخلص اور فدائی افراد سے ذرا استفسار تو کیجیے وہ دل کی گہرائیوں سے اس حقیقت کا اعتراف کریں گے۔ کہ انہوں نے قدم قدم پر ہر آن اور ہر لمحہ ان مخلصانہ دعاؤں کی تاثیر اور ان کی بھرپور استجابت کے جلوے دیکھے ہیں اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم موسلا دھار بارش کی طرح ان پر ہوا ہے اور وہ یہ بھی تسلیم کریں گے کہ یہ بابرکت اجتماع ایک منفرد حیثیت اور عجیب کیفیت کا حامل اور اللہ تعالیٰ کے بے شمار فضلوں اور ان گنت رحمتوں، حیرت انگیز قدرتوں اور اس کی لاتعداد برکات و معجزات کا زندہ و پائندہ ثبوت ہے ؎

وہ تازہ قدرتیں جو خدا پر دلیل ہیں
وہ زندہ طاقتیں جو یقین کی سبیل ہیں

اللہ تعالیٰ کے اذن سے حضرت بانی سلسلہ نے ۲۳ مارچ ۱۸۸۹ء کو بمقام لدھیانہ بیعت لی اور چند سعید مخلص غریب اور غیر معروف افراد جن کے دل میں دین کا درد تھا۔ بیعت میں شامل ہوئے ۱۸۹۱ء میں پہلا جلسہ ہوا۔ جس سامعین کی تعداد ۷۵ تھی۔ اس بابرکت اجتماع میں شامل ہونے والے ۷۵ نفوس حضور کے مہمان بنے قیام و طعام کا انتظام حضور بنفس نفیس فرمایا کرتے تھے۔ اور مصارف مہمانان کرام اپنے پاس سے کیا کرتے۔ بسا اوقات اخراجات کے لیے کچھ پاس نہ ہوتا۔ ۱۸۹۲ء میں حضور نے اشاعت اسلام، مصارف مہمانان اور دیگر انتظامات کے لیے احباب جماعت میں چندہ کی تحریک فرمائی اس ارشاد کے ساتھ کہ کوئی صاحب مجبوراً وعدہ نہ لکھائیں بلکہ طوعاً بشاشت قلبی کے ساتھ حسب توفیق و استطاعت چندہ دینے کا وعدہ کریں۔ اس تحریک پر ۹۳ دوستوں نے چندہ کی ادائیگی کا وعدہ لکھوایا جو ۵ پیسے، چار آنے اور ایک روپیہ ماہوار کی شرح سے تھا۔ اور ابتدائی چندہ کی ایک ماہ کی کل میزان صرف ستر روپے دو آنے چار پائی تھی یعنی سالانہ چندہ آٹھ صد اکتالیس روپے بارہ آنے تھا

(اشتہار مشمولہ آئینہ کمالات اسلام فروری)

اور ابتدائی دس بارہ سالوں میں چراغ سے چراغ جلتا رہا۔ لیکن مجموعی طور پر افراد و احوال کی تعداد و مقدار محدود رہی۔ لیکن معاملہ "خدا دارم چہ غم دارم" کا تھا اس لیے یہ سلسلہ رواں دواں رہا

كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْئَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ

خدائے بزرگ و برتر کے خوش کن اور مسرت افزاء وعدے۔ خوش خبریاں اور ندائے فتح نمایاں شامل حال تھی اللہ تعالیٰ کے ان بہت سے وعدوں۔ خوش خبریوں اور پیشگوئیوں میں سے چند کی جھلک ملاحظہ ہو:۔

۱۔ يَأْتِينَكَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ وَيَأْتُونَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ

(براہین احمدیہ صفحہ ۲۴۱)

۲۔ وَسِّعْ مَكَانَكَ (براہین احمدیہ صفحہ ۲۴۲)

۳۔ "خدا تجھے برکت کامیاب کرے گا اور ساری مرادیں تجھے دے گا"

۴۔ "میں تیرے خالص اور دلی محبوں کا گروہ بھی بڑھاؤں گا اور ان میں کثرت بخشوں گا"

۴۔ "قریب ہے کہ خدا بادشاہوں اور امیروں کے دلوں میں تیری محبت ڈالے گا۔ یہاں تک کہ وہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے"

۵۔ "خدا تیری دعوت کو دنیا کے کناروں تک پہنچا دے گا"

(اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۹ء)

یہ ان ابتدائی وعدوں۔ خدائی ارشادات اور ربانی بشارات میں سے چند کی ایک جھلک ہے جو مسلسل و متواتر زندگی کے اور آخری لمحہ تک حضرت اقدس کو اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے دی جاتی رہیں۔ اور اس وقت سے لے کر اب تک اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اور خاص فضل وکرم اس جماعت کے شامل رہا۔ شامل ہے اور انشاء اللہ شامل رہے گا۔ اور ہر وہ شخص جس میں ذرہ بھر بھی فہم و شعور ہے اس امر کا معترف ہے کہ یہ سلسلہ روز افزوں ترقی کا شاہد ناطق ہے۔ یہ سلسلہ جس کی بنیادی اینٹ اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی تھی۔ آج سے ۹۷ سال قبل ۱۸۸۵ء میں بروایت حضرت منشی ظفر احمد صاحب جمعہ کی نماز میں مسجد میں صرف تین آدمی تھے اور یہ مسجد حضور ہی کے مکان کا ایک حصہ تھی جس میں پندرہ بیس آدمیوں سے زیادہ کی گنجائش نہ تھی۔ اور اب خدا تعالیٰ کے فضل سے دنیا کے متعدد ممالک میں بڑی وسیع اور عالیشان احمدی مساجد موجود ہیں جن میں ہر وقت اللہ کا نام بلند ہوتا رہتا ہے اور جو تبلیغ و اشاعت دین کا مرکز ہیں اور یہ بابرکت سلسلہ وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ ابھی چند ماہ ہوئے سرزمین سپین میں بھی سات سو سال کے بعد مسجد کی تعمیر کا سہرا اسی جماعت کے سر ہے۔ اسی طرح دیگر ممالک میں مساجد قائم ہیں۔ اور ساری دنیا میں مساجد کا قیام پیش نظر ہے۔

آج سے ۹۶ سال پہلے اللہ تعالیٰ نے ۱۸۸۶ء میں وعدہ فرمایا کہ "میں تیرے خالص اور دلی محبوں کا گروہ بڑھاؤں گا۔ اور ان میں کثرت بخشوں گا" وہ جماعت جو بیعت کے وقت آج سے ۹۴ سال قبل ۲۳ مارچ ۱۸۸۹ء کو چند انفاس قدسیہ پر مشتمل تھی اور وہ جلسہ سالانہ جس کی ابتداء ۷۵ نفوس سے ہوئی تھی آج وہ جماعت خدا تعالیٰ کے فضل سے ساری دنیا پر محیط ہے اور تعداد کے لحاظ سے ایک کروڑ سے زائد ہے اور جلسہ سالانہ دو لاکھ سے زائد انسانی پر مشتمل ہوتا ہے۔ اور یہ تعداد کے ساتھ مائل بہ ازدیاد ہے

۱۸۸۶ء میں اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے بندے کو خبر دی تھی اور وعدہ فرمایا تھا کہ "خدا تیری دعوت کو دنیا کے کناروں تک پہنچا دے گا" اور آج یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ جماعت احمدیہ کے ذریعہ آپ کی دعوت دنیا کے کناروں تک پہنچ چکی ہے۔ اور جماعت احمدیہ خدا تعالیٰ کے فضل سے غلبۂ دین حق کے لیے قربانی کے میدان میں سب سے آگے ہے۔ یہی ایک جماعت ہے جس نے دیگر مذاہب والوں کو للکارا ہے کہ دین حق کے مقابل آئیں۔

حضرت بانیٔ سلسلہ نے ایک دفعہ مہمانوں کے لیے اخراجات نہ ہونے پر حضرت میر ناصر نواب صاحب مرحوم سے خدائے عزوجل پر توکل کرتے ہوئے فرمایا تھا۔ کہ ہم نے ظاہری اسباب کی رعایت سے کچھ انتظام کر تو دیا ہے لیکن اب جس کے مہمان ہیں وہی انتظام فرمائے گا۔ اور دوسری صبح بہت سی رقم احباب کی طرف سے اس مد میں آگئی اور حضور نے حضرت میر صاحب اور دوسرے دوستوں کو فرمایا۔ جس طرح ایک دیندار کو اپنے صندوق میں رکھی ہوئی رقم کے متعلق بھروسہ ہوتا ہے کہ جب چاہوں گا لے لوں گا۔ اس سے بدرجہا زیادہ مقبولان الٰہی کو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ ہوتا ہے اور ایسا ہی ہوتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ وقت پر ان کی ضرورت پوری کر دیتا ہے۔

بہترین توکل اور اللہ تعالیٰ پر کلی اعتماد کی یہ ایک اعلیٰ مثال ہے۔ اور دیکھنے والوں نے دیکھا کہ اس وقت سے لیکر آج روز تک کہ صدی ختم ہو گئی برس ہا برس گذر گئے اس پیارے خدا کی محبت اس کے لازوال پیار۔ شفقت۔ احسان اور تائید و نصرت کے جلوے جاری ہیں۔ اور دنیا والے ہر لمحہ اس کا مشاہدہ کرتے ہیں اور جس کے مہمان ہیں وہی ان کا انتظام کرتا ہے۔ جلسہ سالانہ پر آنے والے مہمانوں کے قیام اور ان کے آسائش و آرام اور انتظام خوراک و طعام کے لیے دار الضیافت وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا جا رہا ہے اور حضور کا لنگر ایک دن کے لیے بھی بند نہیں ہوا۔ سارا سال یہ سلسلہ قیام و طعام جاری رہتا ہے جلسہ سالانہ پر آنے والے کم و بیش دو لاکھ افراد کے کھانے اور رہائش کا انتظام و انصرام ایسے کہ مجال ہے کوئی ایک فرد بھی رہ جائے؟ غیر ممالک سے آنے والے مہمانان کرام اور غیر از جماعت احباب یہ نظارہ دیکھتے ہیں تو انگشت بدنداں رہ جاتے ہیں اپنے پرائے چھوٹے بڑے اسے معجزہ اور تصرف الٰہی سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہ اس قدر اژدہام۔ اتنی کثرت نوع نوع کے انسانوں کا بے مثال اجتماع اور ایسا عمدہ و اعلیٰ مثالی انتظام جیسے خود کار نظام۔ کسی کو کوئی شکوہ نہیں کوئی شکایت نہیں۔ ہر کوئی اپنی جگہ مطمئن خوش باش اور شاداں و فرحاں۔ ہر ایک کے شایانِ شان بندوبست کیا مجال کہ کہیں کوئی جھول رہ جائے۔ کسی جگہ کوئی کمی واقع ہو جائے۔ یا معمول میں فرق آجائے گویا ؎

تکیہ ہے کارساز پہ ہیں بے نیازِ عرض
سب کام ہو رہے ہیں برابر کہے بغیر

اور یہ سب کچھ انہی وعدوں اور ارشادات خداوندی کے تحت ہوتا چلا جا رہا ہے جو اس نے اپنے پیارے سے کئے تھے اور بفضلہ تعالیٰ یہ سلسلہ وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا جا رہا ہے اور آنے والا ہر دن ترقی ایزدی اور بڑھوتی کی نوید لے کر آتا ہے اور ہماری ذمہ داریوں میں اضافہ کا موجب بنتا ہے۔

(باقی)

جلسہ پر آنیوالے مہمانان ممالک بیرون کا استقبال

محترم چوہدری حمید نصر اللہ خاں صاحب امیر جماعت احمدیہ لاہور نے جلسہ سالانہ پر آنے والے غیر ملکی مہمانوں کے استقبال اور انتظام و انصرام کے لئے حسب سابق امسال بھی کمیٹیاں بنا دی ہیں جو کہ جملہ انتظامات سرانجام دے رہی ہے۔ ایگزیکٹو کمیٹی سات روز افراد پر مشتمل ہے اور اس کے انچارج محترم چوہدری فتح محمد صاحب نائب امیر ہیں۔ جو جملہ انتظامات کے سلسلہ میں نگرانی فرما رہے ہیں۔ ان کے سیکرٹری مکرم مولوی نذیر احمد صاحب راجوری ہیں جو جملہ ریکارڈ مکمل کرتے ہیں۔ اس کمیٹی کے تحت مزید تین سب کمیٹیاں بنائی گئی ہیں۔ جس میں سے ہر شعبہ کی ڈیوٹیاں مقرر ہیں جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱:۔ رہائش کمیٹی یہ رہائشی انتظامات کرتی ہے اور غیر ملکی مہمانوں کے معیار کے مطابق سہولتیں فراہم کرتی ہے اس کے انچارج مکرم امتیاز احمد صاحب بٹ ہیں

۲: ضیافت کمیٹی یہ کمیٹی خوراک کا انتظام کرتی ہے اور ہمہ وقت مصروف عمل ہے اس کے انچارج مکرم میجر (ریٹائرڈ) عبد اللطیف صاحب زعیم اعلیٰ انصار اللہ قیادت دار الذکر ہیں۔

۳:۔ استقبال و ٹرانسپورٹ کمیٹی اس کمیٹی کے انچارج مکرم شیخ بشیر احمد صاحب سیکرٹری صنعت و حرفت جماعت احمدیہ لاہور ہیں ان کے سیکرٹری کے طور پر مکرم چوہدری محمد نواز صاحب پرنس ٹرانسپورٹ والے کام کر رہے ہیں جو کاروں و ویگنوں کا انتظام کرتی ہے ایئرپورٹ سے مہمانوں کو لانا، واہگہ بارڈر پر لے جانا اور پھر قادیان سے واپس آنے والوں کا استقبال کرنا اس طرح ربوہ بھجوانا بھی ان کے ذمہ ہے اس کمیٹی میں ۲۲ اراکین ہیں جو ۲۴ گھنٹے مصروف عمل ہیں اور جونہی کراچی/اسلام آباد/ربوہ سے کسی مہمان کی اطلاع ملتی ہے تو اس پر عمل کرتے ہیں۔ اب تک اللہ تعالیٰ کے فضل سے سنگاپور۔ یوگنڈا۔ امریکہ۔ کینیڈا۔ اردن انگلینڈ۔ جرمنی۔ انڈونیشیا سے مہمان آچکے ہیں اور اکثر ان میں سے قادیان کے جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے تشریف لے جا چکے ہیں۔ خدام الاحمدیہ کے نوجوان ہر روز مکرم ملک طاہر احمد صاحب قائد ضلع لاہور کے پروگرام کے مطابق ہر قیادت سے نوجوان ڈیوٹی پر آتے ہیں اور حضور علیہ السلام کے مہمانوں کی خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ تمام کارکنوں کو سلسلہ کی خدمت کی توفیق دے اور اپنی رضا عطا فرمائے۔

(عبد المالک ـــــ لاہور)

الفضل اخبار خود پڑھیئے اور اپنے عزیزوں، دوستوں کو پڑھنے کے لیے دیں۔ اخبار آپ کے بچوں کے لیے ایک بہترین سرمایہ ہے۔ منیجر

تلاوتِ قرآن مجید کا مقصد

قرآن مجید کی تلاوت کرتے وقت یہ امر مدِ نظر ہونا چاہیئے کہ اس میں اللہ تعالیٰ نے جو جو احکام صادر فرمائے ہیں ان پر عمل کیا جائے۔ قرآن پاک میں دیگر اوامر و نواہی کے علاوہ اقامۃ الصلوٰۃ کے ساتھ ایتاء زکوٰۃ کا بھی حکم دیا گیا ہے۔ لہٰذا قرآن مجید کی تلاوت کرتے وقت جب بھی ادائیگی زکوٰۃ کا حکم سامنے آئے تو ہر دوست کو اپنا محاسبہ کرنا چاہیئے کہ آیا اس پر زکوٰۃ تو واجب نہیں؟ اگر واجب ہو تو تعمیل ارشاد خداوندی میں اپنی زکوٰۃ جلد ادا کرے۔ خاکسار عہدیداران جماعت کی خدمت میں بھی التماس کرتا ہے کہ صاحبِ حیثیت احباب و خواتین کو زکوٰۃ کی فرضیت و اہمیت کے بارہ میں خصوصیت کے ساتھ توجہ دلاتے رہیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

(ناظر بیت المال آمد۔ ربوہ)

سپین میں احمدیہ مسجد کا افتتاح

روزنامہ "پرتاپ" جالندھر
۱۲ ستمبر ۱۹۸۲ء

"قادیان ۱۱ ستمبر۔ جماعت احمدیہ کے سربراہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع چہارم ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سرزمین اندلس (سپین) میں قرطبہ کے قریب پیدرو آباد کے مقام پر جماعت احمدیہ کی طرف سے تعمیر کی گئی مسجد احمدیہ "بشارت" کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر دنیا بھر سے تین ہزار سے زائد احمدی شریک ہوئے۔ محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ بھارت نے احمدیوں کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ یہ مسجد سرزمینِ سپین میں ۷۵۰ سال کے وقفہ کے بعد تعمیر ہونیوالی اوّلین مسجد ہے۔ اس کا سنگِ بنیاد جماعت احمدیہ کے تیسرے خلیفہ حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب نے اپنے مبارک ہاتھوں سے ۹ اکتوبر ۱۹۸۰ء کو رکھا تھا۔ اس پر سات سو برس تک مسلمانوں کی حکومت رہی۔ جو ۱۶۱۱ء سے ۱۲۹۱ء تک قائم رہی۔ ۱۲۹۱ء میں وہاں پھر عیسائیت کا غلبہ ہو گیا تھا اور رومن کیتھولک عیسائیوں نے تمام مسلمانوں کو ملک بدر کر دیا تھا۔ پھر سات سو برس بعد وہاں پہلی مسجد جماعت احمدیہ کی بنی ہے۔ اس پر ۲۱ لاکھ روپے خرچ ہوئے۔"

(روزنامہ "پرتاپ" جالندھر ۱۲ ستمبر ۱۹۸۲ء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سپین میں ۷۵۰ سال بعد بننے والی پہلی مسجد کا افتتاح

"قومی آواز" بمبئی
۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء

"بمبئی۔ ۸ ستمبر۔ احمدیہ مسلم مشن کے جاری کردہ ایک اخباری بیان میں آج یہاں کہا گیا کہ سپین میں ساڑھے سات سو سال بعد بننے والی پہلی مسجد کا افتتاح احمدیہ مسلم جماعت کے روحانی پیشوا حضرت مرزا طاہر آئندہ جمعہ کو پیدرو آباد میں کریں گے۔

اسپین میں ۱۲۳۸ء میں اسلامی حکومت کے زوال کے بعد بننے والی اس پہلی مسجد کو مسجد بشارت کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ اس مسجد میں ایک نماز کا کمرہ، ایک کتب خانہ اور ایک مہمان خانہ بھی ہوگا۔ مکمل عمارت کی تعمیر میں ۲۱ لاکھ روپے صرف ہوں گے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ حضرت مرزا وسیم احمد کی سربراہی میں ایک ہندوستانی وفد مذکورہ افتتاحیہ تقریب میں شرکت کرے گا"

(قومی آواز بمبئی ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نقشہ فرودگاہ مہمانان کرام جلسہ سالانہ

نمبر شمار	نام قیامگاہ	نام جماعت
۱	دارالضیافت و مہمان خانہ کراچی	کراچی ڈویژن ۔ کوئٹہ ڈویژن ۔ راولپنڈی شہر و ضلع
۲	خیمہ جات نمبر ۱ بالمقابل دارالضیافت	پرائیویٹ قیامگاہ
۳	خیمہ جات نمبر ۲ بالمقابل دفاتر صدر انجمن	" "
۴	دفاتر صدر انجمن	کراچی
۵	وارڈ فضل عمر ہسپتال	پرائیویٹ قیامگاہ
۶	دفاتر انصار اللہ	پشاور ڈویژن ۔ ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن
۷	دفاتر وقف جدید	پرائیویٹ قیامگاہ
۸	ایوان محمود	سیالکوٹ شہر و ضلع
۹	مہمان خانہ مردانہ احاطہ مسجد اقصیٰ	بلاک نمبر ۱ — کمرہ ۱ تا ۴ فیصل آباد شہر و ضلع کمرہ ۵ تا ۷ گجرات شہر و ضلع
		بلاک نمبر ۲ — کمرہ ۱ تا ۴ گوجرانوالہ شہر و ضلع کمرہ ۵ تا ۷ ملتان شہر و ضلع
		بلاک نمبر ۳ — کمرہ ۱ ریزرو کمرہ ۲ تا ۴ جھنگ شہر و ضلع کمرہ ۵ تا ۷ وہاڑی شہر و ضلع ساہیوال شہر و ضلع۔ اوکاڑہ شہر و ضلع
		بلاک نمبر ۴ — کمرہ ۱ تا ۳ لاہور شہر و ضلع۔ کمرہ ۴ قصور شہر و ضلع کمرہ ۵ کیمبلپور شہر و ضلع کمرہ ۶ ضلع ہزارہ
		بلاک نمبر ۵ — جہلم شہر و ضلع سرگودھا شہر و ضلع
۱۰	جامعہ احمدیہ (نچلی منزل)	حیدرآباد ڈویژن ۔ ڈیرہ غازیخان شہر و ضلع
	" " (بالائی منزل)	پرائیویٹ قیامگاہ
۱۱	خیمہ جات (احاطہ جامعہ احمدیہ)	
۱۲	ناصر ہوسٹل جامعہ احمدیہ	آزاد کشمیر مظفر گڑھ شہر و ضلع ۔ میانوالی شہر و ضلع
۱۳	مدرسۃ الحفظ	بہاولپور ڈویژن ۔ خیرپور ڈویژن
		پرائیویٹ قیامگاہ
۱۴	جدید پریس	شیخوپورہ شہر و ضلع
۱۵	مہمان خانہ مردانہ دارالنصر	

(ناظم مکانات جلسہ سالانہ)

دفتر اوّل کے مجاہدین برائے توجہ لواحقین

احباب جماعت نے الفضل مورخہ ۲ دسمبر ۱۹۸۲ء میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ فرمودہ ۵ نومبر ۱۹۸۲ء مطالعہ فرمایا ہوگا۔

تحریک جدید کے سال ۱۸/۳۹/۴۹ کا افتتاح فرماتے ہوئے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دفتر اوّل کے مجاہدین کی قربانیوں کو ہمیشہ کے لئے زندہ و تابندہ رکھنے کا ارشاد فرمایا ہے سو ذیل میں ان مجاہدین کی پہلی قسط شائع کی جاتی ہے جن کے متعلق دفتر ہذا کو علم نہیں کہ آیا وہ بدستور اس میں حصہ لے رہے ہیں یا نہیں اس لئے ان کے لواحقین سے درخواست ہے کہ وہ اس طرف توجہ کریں۔ اور جہاں بھی اور جس قدر بھی وہ اپنے بزرگوں کی طرف سے چندہ ادا فرما سکتے ہیں ادا فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔ سو قسط اوّل درج ذیل ہے۔

۱۔ مکرم ڈاکٹر اصغر حسین صاحب — ڈھاکہ
۲۔ " شیخ محمد صدیق صاحب آف دار جلنگ — "
۳۔ مکرمہ اہلیہ صاحبہ " " — "
۴۔ مکرم مولوی ظل الرحمٰن صاحب بنگالی — "
۵۔ " حکیم شاہ عبدالباری صاحب — "
۶۔ " ڈاکٹر محمد موسیٰ صاحب — "
۷۔ " چوہدری ناصر علی صاحب — "
۸۔ " مولوی فضل کریم صاحب پلیڈر — پٹوا کھلی
۹۔ " سید عبدالشکور صاحب — کھٹکی

(وکیل المال اوّل تحریک جدید ـــــ ربوہ)

مجالس مذاکرہ

مرید کے ضلع شیخوپورہ میں حسب ذیل مجالس مذاکرہ کا انعقاد کیا گیا۔ مورخہ ۱۲ نومبر بروز جمعۃ المبارک بعد از نماز عشاء منشی نور حسین صاحب پریذیڈنٹ جماعت احمدیہ مرید کے کے ہاں آٹھ دوستوں کو چائے کی دعوت دی گئی۔ چائے کے بعد دو گھنٹے تک سوالات کے جوابات دیئے گئے۔ مورخہ ۱۴ نومبر بروز اتوار محترم عبدالرشید صاحب کے ہاں محفل مذاکرہ ہوئی ۲۰ افراد نے شرکت کی اور ان کے سوالات کے جوابات دیئے گئے۔ مورخہ ۱۹ نومبر محترم رفیق احمد صاحب کے ہاں مجلس مذاکرہ کا انعقاد کیا گیا۔ دس دوست احباب شریک محفل ہوئے پھلوں اور مٹھائی سے تواضع کی گئی اور تین گھنٹے تک سوالات کے جوابات دیئے گئے۔ مورخہ ۲۶ نومبر بروز جمعۃ المبارک محترم محمد بشیر صاحب آزاد اسپالوی کے ہاں مجلس مذاکرہ منعقد ہوئی۔ بارہ دوست احباب نے شرکت کی اور تین گھنٹے تک سوالات کے جوابات دیئے گئے

(انعام الرحمان مربی سلسلہ مقیم مرید کے ضلع شیخوپورہ)

مریدکے ضلع شیخوپورہ میں تربیتی کلاس

۲۷ اکتوبر ۸۲ء سے ۳ نومبر تک مجلس خدام الاحمدیہ کے زیر اہتمام ایک تربیتی کلاس منعقد ہوئی۔ اس کلاس میں خدام اطفال کے علاوہ انصار اور لجنات نے بھی دلچسپی لی۔ یہ کلاس روزانہ عشاء کے بعد نصف گھنٹہ تک جاری رہتی۔ مکرم انعام الرحمٰن صاحب مربی سلسلہ احمدیہ نے مختلف مواضیع پر درس اور جماعتی عقائد پر ہونے والے اعتراضات کے جوابات دیئے۔ ۴ نومبر کو اختتامی اجلاس میں شیخوپورہ سے نائب قائد صاحب ضلع مکرم رفیق احمد صاحب اور ناظم صاحب اشاعت مبشر احمد صاحب نے حاضرین سے خطاب کیا۔ کلاس کے آخر میں لئے گئے امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والوں کو انعامات دیئے گئے صدارتی خطاب اور دعا کے بعد اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ الحمد للہ۔

(مرسلہ: شعبہ تربیت خدام الاحمدیہ مرکزیہ ۔ ربوہ)

ٹینڈر نوٹس

مندرجہ ذیل کاموں کے لئے محکمہ ہذا کے منظور شدہ ٹھیکیداروں سے جنہوں نے مالی سال ۸۳-۱۹۸۲ء کی تجدیدی فیس جمع کرادی ہو کمپوزٹ شیڈول آف ریٹ ۱۹۷۹ء کی بناء پر ٹینڈر مطلوب ہیں

ٹھیکیداروں کو زرضمانت کی بصورت ڈیپازٹ کال کسی شیڈول بنک سے داخل کرنا ضروری ہے ورنہ ٹینڈر مسترد سمجھا جائے گا۔

ٹنڈر فارم ہیڈ کلرک سے زیر دستخطی کے دفتر میں بعوض مقررہ قیمت (ناقابل واپسی) حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

ٹنڈر مورخہ ۱۵/۱/۸۳ کو بوقت ۱۱ بجے دوپہر زیر دستخطی کے دفتر میں وصول کئے جائیں گے اور اسی دن اسی وقت حاضر ٹھیکیداران کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

کسی ٹنڈر کو بغیر وجہ بتلائے منظور یا مسترد کرنے کا اختیار افسر مجاز کو ہوگا۔ دیگر شرائط ایگریمنٹ کے مطابق ہونگی۔

نمبر شمار	کام کا نام	تخمینہ لاگت	زرضمانت	وقت اختتام
۱	سیلاب سے نقصان زدہ دائیں گائڈ بند کے پتھر والے ایرن کی لائن نمبر ۳۲ تا ۳۵ کی مرمت کرنا	۱,۴۰,۰۰۰/-	۲۸۰۰/-	دوران سالانہ بندی
۲	سیلاب سے نقصان زدہ بائیں گائڈ بند کے پتھر والے ایرن کی لائن نمبر ۵ تا ۱۲ کی مرمت کرنا	۱,۸۰,۰۰۰/-	۳۶۰۰/-	ایضاً
۳	تریموں بیراج کے دروازوں کی صفائی اور رنگ کرنا	۱,۶۵۰۰۰/-	۳۳۰۰/-	"
۴	تریموں بیراج کی نچلی طرف کے ٹی ہیڈ سپر نمبر ۲ کی مرمت کرنا	۱,۷۹۰۰۰/-	۳۵۲۰/-	"

(نذیر حسین ملک) مہتمم انہار تریموں بیراج ڈویژن تریموں

I.P.L. 9105

مطبوعہ فارم کی عدمِ وصولی کے باعث ثواب سے محروم نہ رہیں

ہر احمدی کو تحریک جدید کے میدان میں سیدنا حضرت مصلح موعود کا یہ قیمتی سبق یاد ہوگا کہ نیکی میں جتنی جلدی کی جائے اتنا ہی زیادہ ثواب ہوتا ہے اس لئے بذریعہ الفضل جملہ جماعتوں سے درخواست کی گئی تھی کہ وعدے بھجوانے میں مطبوعہ فارم نہ ملنے کے باعث التواء کو روا نہ رکھا جائے بلکہ سادہ کاغذ پر ہی وعدے بھجوا دیئے جائیں۔ تاکہ سبقت کے ثواب سے کوئی جماعت محروم نہ رہے چنانچہ اس سلسلہ میں صدر صاحب جماعت احمدیہ ظفر آباد لاہینی نے نیک مثال قائم کی ہے اگرچہ سادہ کاغذ پر وعدے بھجوائے گئے ہیں مگر تمام ضروری کالم درج ہیں۔ نیز دفتر اوّل۔ دوم۔ سوم وغیرہ کی بھی تخصیص کر دی گئی ہے۔ جزاھم اللہ تعالیٰ۔

مکرّر تاکیدی درخواست ہے کہ مطبوعہ فارم کی عدم وصولی کے باعث کوئی جماعت سبقت کے ثواب سے محروم نہ رہے اور سادہ کاغذ پر وعدے بھجوائے جائیں تو دفتر اوّل۔ دوم۔ سوم کی بھی تخصیص ضرور بالضرور فرمائی جائے۔ (وکیل المال اوّل تحریک جدید۔ ربوہ)

خدّام الاحمدیہ مالیر کی تربیتی کلاس

مجلس خدّام الاحمدیہ مالیر کراچی کے شعبۂ اصلاح وارشاد کے تحت خدّام بھائیوں کو تبلیغ کی اہمیت ضرورت اور تبلیغ کے اصول و ذرائع سے واقف کرنے کے لئے ایک مختصر تربیتی کلاس مورخہ ۱۰ دسمبر ۱۹۸۲ء بروز جمعرات مرکزِ نماز ماڈل کالونی میں منعقد کی گئی۔ اس کلاس کی صدارت محترم احمد مختار صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع کراچی نے فرمائی۔ کراچی کے مقیم سلسلہ کے مربیان میں سے چار نے اس کلاس کے حاضرین کو اپنے ارشادات سے نوازا۔ انہوں نے نہایت سادہ، آسان اور دلنشیں پیرائے میں تبلیغ کی اہمیت، ضرورت اور اصولوں کی وضاحت کی اور خدّام کی دلچسپی کے لئے تبلیغی میدان میں پیش آنے والے واقعات اور تجربات کا ذکر کیا۔

آخر میں محترم امیر صاحب ضلع کراچی نے خدام کو تبلیغی میدان میں ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی اور اس سلسلے میں خاص طور پر علم کے حصول کی طرف متوجہ کیا اور حکمت و دانائی کے ساتھ تبلیغ کرنے کی تلقین کی۔ آخر میں دعا ہوئی اور کلاس کا اختتام ہوا۔ اس کلاس میں ۵۶ خدام، ۱۲ اطفال اور پانچ انصار شریک ہوئے۔ الحمد للہ۔

(امتیاز حسین شاہد۔ ناظم اصلاح وارشاد مجلس خدّام الاحمدیہ مالیر کراچی)

تربیتی اجلاس بسلسلہ صحبتِ صالحین

۲۸ اکتوبر ۱۹۸۲ء کو صحبتِ صالحین کے سلسلہ میں مجلس خدام الاحمدیہ کے زیر اہتمام مسجد احمدیہ پیپلز کالونی۔ فیصل آباد میں ایک اجلاس ہوا۔ محترم شیخ محمد احمد صاحب مظہر جماعت ہائے احمدیہ فیصل آباد نے اجلاس میں شرکت فرمائی۔ تلاوت، عہد اطفال اور نظم کے بعد محترم شیخ صاحب نے حاضرین سے خطاب فرمایا۔ آپ نے اطفال کو خصوصاً وقت کا صحیح استعمال اطاعتِ والدین، بزرگوں کی عزت کرنے اور تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی کے لئے لغویات کو چھوڑ کر پڑھائی میں دلچسپی لینے کی نصیحت فرمائی۔ اس کے بعد محترم مربی صاحب سلسلہ نے خدّام و اطفال کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔ آخر میں دو اطفال نے شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کے موضوع پر تقاریر کیں۔ اجلاس میں ۱۳۰ اطفال۔ ۶۵ خدام اور ۳۰ انصار نے شرکت کی۔ (شعبہ تربیت مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ)

اللہ تعالیٰ جتنا مال دیتا ہے وہ جانتا ہے ——

شرح کے مطابق جماعت کے لازمی چندوں کی ادائیگی کی تحریک فرماتے ہوئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ ۲۳ جولائی ۱۹۸۲ء میں فرمایا۔

پس اپنا پیوند امامِ وقت کے ساتھ مضبوط کرنے کے لیے اپنے اموال کو اس نظر سے دیکھو کہ وہ کس حد تک پاکیزہ ہیں اور کس حد تک ان میں نفس کی طونی یا جھوٹ شامل ہو چکی ہے۔ اس ضمن میں سب سے اہم اور بنیادی بات یہ ہے کہ جب تک جماعت میں مجلس شوریٰ کے مشورہ سے خلیفۂ وقت نے ایک شرح مقرر کر رکھی ہو اس وقت تک شرح میں بد دیانتی سے کام نہیں لینا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جتنا مال دیتا ہے وہ جانتا ہے کہ کتنا دے رہا ہے جس نے خود دیا ہو اس سے دھوکہ کیسے ہو سکتا ہے۔"

(بحوالہ الفضل ۲۸-۸-۸۲) (ناظر بیت المال آمد ربوہ)

تحریک جدید ـــــ دفتر دوم

قائدین کرام!

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سالانہ اجتماع انصار اللہ مرکزیہ کے افتتاحی خطاب میں تحریک جدید دفتر دوم کی ذمہ داری خدام الاحمدیہ کے سپرد فرمائی ہے اس سلسلہ میں آپ کی خدمت میں گزارش ہے کہ۔

۱:۔ سیکرٹری صاحب تحریک جدید سے رابطہ پیدا کر کے دفتر دوم کی فہرست تیار کریں اور وصولی میں سیکرٹری صاحب کی مدد فرماویں۔

۲:۔ دفتر دوم میں شامل خدام کی فہرست مرکز میں بھجوائیں۔

۳:۔ تحریک جدید کی رپورٹ میں دفتر سوم کے وعدہ اور وصولی کی رپورٹ کے ساتھ الگ طور پر دفتر دوم کے وعدہ اور وصولی کی رپورٹ درج کریں۔

۴:۔ جو احباب دفتر دوم میں ادائیگی کرتے رہے ہیں اور اب مالی آمد نہ ہونے کی وجہ سے یا وفات پا جانے کی صورت میں ان کے ورثاء نے اُن کی یاد باقی نہ رکھی ہو تو انہیں توجہ دلائیں۔

۵:۔ اپنی جملہ مساعی جمیلہ سے مرکز کو بھی آگاہ رکھیں۔

(مہتمم تحریکِ جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ)

دُعائے مغفرت

● میرے والد محترم شیخ سکندر علی صاحب ولد شیخ محمد ابراہیم صاحب آف بیرسیاں حال جھنگ صدر ایک لمبا عرصہ بیمار رہنے کے بعد ۳۱ اکتوبر ۸۲ء کو آٹھ بجے صبح بعمر ۸۲ سال وفات پا گئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط

مرحوم بہت نیک ملنسار، ہنس مکھ۔ دعا گو اور متوکل انسان تھے۔ ۸ اگست ۸۱ء کو فیصل آباد میں چکر آجانے کی وجہ سے گر گئے جس کی وجہ سے آپ کو بہت تکلیف اُٹھانی پڑی۔ بیماری کا عرصہ آپ نے بہت صبر و شکر کے ساتھ گذارا۔ آپ کے والد محترم کو حضرت اقدس کے صحابی ہونے کا شرف حاصل تھا اور آپ نے بھی حضرت اقدس کی زندگی میں بچپن میں ہی بیعت کر لی تھی۔ موصی ہونے کی وجہ سے اسی روز جنازہ ربوہ پہنچایا گیا۔ جہاں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین مکمل ہونے پر مکرم چوہدری رشید الدین صاحب مربی سلسلہ احمدیہ نے دعا کرائی۔

مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے چار لڑکوں اور تین لڑکیوں سے نوازا تھا۔ احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا کرے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازے آمین۔

(شیخ محمد اشرف سنگتراش کوٹ روڈ۔ جھنگ صدر)

درخواست ہائے دُعا

● سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی ٹنڈو جام کے B.Sc II کے سالانہ امتحانات دسمبر کے آخر میں ہو رہے ہیں بہت سے احمدی طلباء بھی ان امتحانات میں شامل ہو رہے ہیں۔ ان سب طلباء کی اعلیٰ نمبروں پر کامیابی کے لئے درخواستِ دعا ہے۔

(افضل طاہر معتمد مجلس خدام الاحمدیہ لطیف آباد)

● میری والدہ محترمہ آج کل بہت بیمار ہیں اور سول ہسپتال فیصل آباد میں زیر علاج ہیں احباب سے ان کی مکمل اور جلد شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے

(تنویر احمد ابن مستری نذیر احمد جمال خانہ آنہ فیصل آباد)

● میری اہلیہ محترمہ کو ۱۳ نومبر ۱۹۸۲ء کو بچہ کی پیدائش کے بعد دائیں ٹانگ میں درد شروع ہو گیا ہے سی ایم ایچ اوکاڑہ چھاؤنی سے علاج کروایا جا رہا ہے اور اب کچھ افاقہ ہے احباب دعا کریں۔ کہ اللہ تعالیٰ انہیں کامل و عاجل صحت عطا فرمائے آمین

(مقصود احمد اوکاڑہ چھاؤنی)

● قارئین الفضل کی دعاؤں کے نتیجہ میں میرے والد محترم بشیر احمد صاحب زاہد کا آپریشن کامیاب ہو گیا ہے اور ہسپتال سے ڈسچارج ہو کر گھر آچکے ہیں ابھی کمزوری اور کچھ تکلیف باقی ہے ان کی کامل و عاجل صحت کے لئے احباب سے عاجزانہ درخواست دعا ہے (شاہد تسنیم احمد۔ لاہور)

انتہائی ضروری گذارش

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب سے گذارش ہے کہ وہ موسم کے مطابق اپنا بستر اپنے ساتھ لانا نہ بھولیں۔ اپنا بستر ساتھ لانے کی تاکید حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے خود بھی فرمائی ہے۔ حضور اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء میں فرماتے ہیں۔

"اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بھی بقدر ضرورت ساتھ لادیں۔" (افسر جلسہ سالانہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

گمشدہ اشیاء اور بچے!

جلسہ سالانہ کے موقعہ پر احباب کی سہولت کے لیے ۲۲ دسمبر سے دفتر معلومات کام شروع کر دیتا ہے جو دفاتر جلسہ سالانہ کے قریب دن رات کھلا رہتا ہے۔ آپ کی خدمت و راہنمائی ہمارا فرض ہے اور آپ کی ذمہ داری ہے کہ:-

ا۔ اگر آپ کو راستہ میں کوئی گری پڑی چیز ملے تو اسے بحفاظت اولین فرصت میں دفتر معلومات پہنچا دیں۔

ب۔ آپ کی کوئی چیز گم ہو جائے تو فوراً رپورٹ درج کرائیں۔

ج۔ اپنے بچوں کی جیب میں شناختی کارڈ پُر کر کے ڈالے رکھیں اور ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔ یہ کارڈ دفتر معلومات کے علاوہ دفتر لجنہ۔ نظامت خدمت، اڈہ بس و سٹیشن سے بھی مل سکتا ہے۔

(ناظم معلومات، فوری امداد و گمشدہ اشیاء)

ضرورت معلّمین

نظارت ہذا کو ایسے معلموں کی ضرورت ہے جو ناظرہ اور ترجمہ قرآن مردوں اور عورتوں کو پڑھا سکیں۔ خدمت کے خواہشمند اصحاب اپنی تعلیم و عمر لکھیں اور صدر صاحب مقامی کی تصدیق کے ساتھ درخواستیں ارسال فرما دیں۔ (نائب ناظر اصلاح وارشاد مقامی۔ ربوہ)

ایجنٹ حضرات کیلئے ضروری اعلان

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں حسب سابق اخبار الفضل شائع ہوتا رہے گا تاکہ جو احباب جلسہ سالانہ میں شامل نہ ہو سکیں انہیں جلسہ کی روئیداد سے اطلاع ہوتی رہے الفضل کے جملہ ایجنٹ صاحبان کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ اپنی اپنی جگہ الفضل کی بروقت تقسیم کرتے رہیں جن ایجنٹ صاحبان نے جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے آنا ہو وہ اپنے شہر میں اخبار کی تقسیم کا انتظام کر کے آئیں۔ امید ہے کہ جملہ ایجنٹ صاحبان اس بارے میں پورا پورا تعاون کریں گے۔

(مینجر الفضل ربوہ)

ضروری اعلان

الفضل آپ کا واحد جماعتی روزنامہ ہے اس کی اشاعت بڑھا کر اور اس میں اشتہار بھجوا کر ادارہ سے تعاون کیجئے۔

(مینجر الفضل ربوہ)

ضروری اطلاع

الفضل کے جو خریدار جلسہ سالانہ پر تشریف لائیں وہ اپنا خریداری نمبر ضرور ساتھ لیتے آویں۔ جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں دفتر الفضل کا ٹینٹ جلسہ گاہ کے قریب ہی ہوگا۔

(مینجر الفضل ربوہ)

جلسہ سالانہ کے مبارک موقعہ پر
دواخانہ حکیم نظام جان
آپکی خدمت میں حاضر ہوگا
جلسگاہ کے قریب چوک مسجد اقصیٰ میں عرصہ دو ماہ سے باقاعدہ کام شروع ہو چکا ہے
چوک مسجد اقصیٰ
حکیم انوار احمد جان۔ ربوہ
فون: ۵۵۸

دواخانہ حکیم نظام جان
اقصیٰ چوک ربوہ کا
فون نمبر ۵۵۸
نوٹ۔ بچوں کے جیبی کارڈ دواخانہ سے حاصل کریں
حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان
گوجرانوالہ — ربوہ

مخلوق خدا کی خدمت ہمارا نصب العین ہے
بچوں اور عورتوں کے پیچیدہ امراض
نوجوانوں اور مردوں کو کمزور کرنیوالے خاص امراض کا جرمن اور امریکن ہومیوپیتھک ادویات سے کامیاب اور سستا سائنٹیفک علاج کروانے کے لیے تشریف لائیں۔ یا مفصل علامات لکھ کر بذریعہ ڈاک دوا طلب فرمائیں۔
ہومیو ڈاکٹر ایس اے رحمان آر۔ ایم۔ پی
شاہ ہومیو پیتھک سٹور ربوہ

سنہری موقعہ ۵/-
گولیاں فی ڈبیہ ۵/-
لیورون گولیاں سفوف
۲۰ فی صد
معدہ کے منہ کا مستقل درد یا کھانا کھانے کے بعد کا درد تبخیر معدہ اور ضعف جگر کیلئے ۸ سال سے مانی ہوئی دوا
ساجد دواخانہ۔ ربوہ

مؤجد پائلز کیور کی پیشکش
Respiratory System نظام تنفس
کی پرانی بیماریوں کے کامیاب نسخے جو دوسری ادویات کے ساتھ بھی استعمال ہو سکتے ہیں۔
دمہ Asthma Course Rs. 40/-
نزلہ حلق Catarrh Cure Rs. 15/-
پرانا زکام Cold Cure Rs. 15/-
مزمن کھانسی Cough Cure Rs. 15/-
نیز ٹانسلز۔ ناک کی بندش۔ گلے کی سوزش و خراش وغیرہ کی کیورز (CURES) مارکیٹ سے ۱۵/- فی کیور۔ ڈاک پارسل سے ۵/- مزید۔
پرانے بھٹے و لٹریچر مفت
کیور ٹیو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ پاکستان
لاہور۔ کراچی۔ ہیڈ آفس گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

حضرت خلیفۃ المسیح اوّلؓ کا عطا کردہ
مجرب نسخہ
قادیان کا قدیمی مشہور عالم بے نظیر تحفہ
سرمہ نور رجسٹرڈ
امراض چشم کا شافی علاج اور نظر کو بڑھاپے تک قائم رکھتا ہے۔
سرمہ نور والوں کا
نورانی کاجل
امراض چشم اور آنکھوں کی خوبصورتی کیلئے تحفہ
شفاخانہ رفیق حیات رجسٹرڈ گولبازار ربوہ

مسوں کے مت کاٹیے
وارٹس کیور WARTS CURE
سے خشک ہو کر جھڑ جاتے ہیں اور پھر نہیں اگتے
قیمت فی کیور ۱۵/- لٹریچر مفت
کیور ٹیو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی
رجسٹرڈ پاکستان لاہور۔ کراچی
ہیڈ آفس گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

سرمہ طفیل
نظر کو تیز کرتا ہے
قیمت ۱۱/- روپے
(کورس تین شیشی)
سفید موتیا کا علاج۔ دھند۔ جالا۔ ککرے آنکھوں سے پانی بہنا۔ نظر کی کمزوری۔ آنکھوں کی ہر بیماری کیلئے بے حد مفید۔
حکیم محمد طفیل رجسٹرڈ سابق صدر طبیہ کمیٹی جوہی حال۔ کوئٹہ کلاتھ گولبازار۔ ربوہ۔ ضلع جھنگ
رجسٹرڈ نمبر ۱۴۵۹۷-ھ

پندرہویں صدی کا تیسرا
جلسہ سالانہ
آؤ لوگو کہ یہیں نور خدا پاؤ گے!
مشہور دواخانہ

شکور پارک ربوہ ہاؤسنگ سکیم
- ٹاؤن کمیٹی ربوہ سے منظور شدہ
- پختہ سڑکیں آخری مرحلہ میں
- ہر قسم کے جھگڑے سے پاک
احباب فائدہ اٹھائیں
باسط منزل دارالرحمت شرقی ب ربوہ
فون گھر ۴۱۶ فون ۶۱۴
پروپرائیٹر: حاجی عبدالسمیع

سیل شروع ہے
مومن اسٹیٹس گولبازار ربوہ فون ۵۱۷
علی اسٹیٹس مسجد اقصیٰ چوک فون ۶۶۴
صدیق اسٹیٹس مسجد اقصیٰ چوک فون ۶۴۰
املاک کنسرن پراپرٹی ڈیلر اینڈ جنرل بزنس ریلوے روڈ ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بقیہ :- بیداری کی نئی لہر .....

امید ہے تمام مخلص احباب دیگر دوستوں اور آئندہ نسلوں کے لئے مالی قربانی کی نہایت قابلِ رشک اور ارفع و اعلیٰ مثال قائم کریں گے۔ تا ہمارا معیار قربانی ہر قوم پر بلند سے بلند تر ہوتا چلا جائے۔

صدر صاحبان اور سیکرٹریاں مال اپنی اپنی جماعتوں کی نگرانی فرماویں۔ تا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبات کی روشنی میں تمام احباب کی صحیح آمد کے مطابق باشرح بجٹ بنایا جائے۔

(ناظر بیت المال (آمد) ربوہ)

محبوب امام ایدہ اللہ کی آواز پر مخلصین جماعت کا لبیک

جماعت احمدیہ مظفر گڑھ کی طرف سے اشاعتِ اسلام کے نیک جذبہ کے تحت تحریک جدید کے مالی جہاد میں نمایاں قربانیوں کی پیشکش کی گئی ہے۔

معاونین خصوصی صفِ اوّل (ایک ہزار سے زائد)

۱:- مکرم ڈاکٹر اقبال احمد خاں صاحب امیر ضلع مظفر گڑھ — ۱۴۰۵/- روپے
۲:- مکرم عبدالرؤف خاں صاحب لودھی 〃 — ۱۵۰۰/- 〃
۳:- مکرم غیور احمد خاں صاحب پاک میڈیکل سٹور مظفر گڑھ — ۱۳۶۰/- 〃
۴:- محترمہ رضیہ ناصرہ صاحبہ بنت چوہدری نور محمد صاحب (مرحوم) مظفر گڑھ — ۱۱۶۰/- 〃
۵:- 〃 〃 〃 منجانب چوہدری نور محمد صاحب (مرحوم) 〃 — ۱۰۲۵/- 〃
۶:- محترمہ زہرہ رؤف صاحب لودھی سیکرٹری لجنہ اماء اللہ 〃 — ۱۱۳۰/- 〃

(وکیل المال اوّل تحریک جدید)

جنرل باڈی میٹنگ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹس و انجینئرز

مورخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۲ء کو خلافت لائبریری ہال میں آٹھ بجے شب انشاء اللہ تعالیٰ جنرل باڈی کی میٹنگ ہوگی۔ تمام احمدی آرکیٹیکٹس اور انجینئرز اس میں شرکت فرمائیں۔ بیرون پاکستان سے آنے والے ڈیلیگیٹس اپنا تعارف کرائیں گے۔ گذارش ہے کہ جن ممبران نے ۱۹۸۲ء کا چندہ رکنیت ابھی تک ادا نہیں کیا ادا فرمائیں۔ جن احباب نے ابھی تک رکنیت اختیار نہیں کی وہ رکن بن جاویں۔ جن احباب نے ابھی تک کوائف فارم پر نہیں کیا وہ پر فرمائیں۔

(چیئرمین)

مخلصین جماعت کی طرف سے والہانہ لبیک

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ سنکر احباب جماعت صد سالہ جوبلی فنڈ کی ادائیگی میں کس طرح بڑھ چڑھ کر لبیک کہہ رہے ہیں۔ اس کی ایک مثال یہ ہے کہ ایک مخلص دوست نے۔

۱:- ۷۵۰۰ روپے کا وعدہ کیا تھا جبکہ اس سے قریباً دوگنا ۱۴۷۵۰/- ادا کر چکے تھے۔
۲:- خطبہ سننے سے ان کو مزید تحریک و توجہ پیدا ہوئی اور انہوں نے مزید ۵۰۰۰/- روپے اپنی اور اپنی اہلیہ کی طرف سے اس فنڈ میں نقد ادا کر دیئے ہیں۔

احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ انہیں جزاء خیر عطاء فرمائے اور یہ ہمیشہ اُس کے فضلوں کے وارث رہیں۔

(وکیل المال (ثانی) تحریک جدید ربوہ)

عالمگیر زبانوں کا اجلاس

مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے شعبہ تحریک جدید کے تحت جلسہ سالانہ کے موقع پر ۲۷ دسمبر کو شام ۷ بجے عالمگیر زبانوں کا اجلاس مسجد اقصیٰ میں ہوگا۔ اس اجلاس میں بیرونِ پاکستان سے تشریف لانے والے مہمان اپنی اپنی زبان میں ایمان افروز واقعات بیان کریں گے جن کا اُردو خلاصہ بھی بیان کیا جائے گا احباب جماعت اس اجلاس میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شامل ہو کر جلسہ کی رونق دوبالا کریں۔ (مہتمم تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ)

پروگرام جلسہ سالانہ ۱۳۶۱ ہش / ۱۹۸۲ء

پہلا دن ۲۶ فتح ۱۳۶۱ ہش — ۲۶ دسمبر ۱۹۸۲ء بروز اتوار

پہلا اجلاس

۹-۱۵ تا ۹-۳۰	تلاوت قرآن کریم و نظم	
۹-۳۰	افتتاحی خطاب و دعا	سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
۱۰-۱۵ تا ۱۱-۰۰	اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کا اسلامی تصور	مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد
۱۱-۰۰ تا ۱۱-۴۵	غزوات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خُلقِ عظیم	مکرم حافظ مظفر احمد صاحب
۱۱-۴۵ تا ۱۲-۰۰	وقفہ اعلانات	
۱۲-۰۰ تا ۱-۳۰	وقفہ برائے تیاری نماز ظہر و عصر	
۱-۳۰ تا ۲-۰۰	نماز ظہر و عصر	

دوسرا اجلاس

۲-۰۰ تا ۲-۱۵	تلاوت قرآن کریم و نظم	
۲-۱۵ تا ۳-۰۰	عیسائیت کی عالمگیر سرگرمیاں عالمِ اسلام کے لئے لمحۂ فکریہ	مکرم مسعود احمد صاحب دہلوی
۳-۰۰ تا ۳-۴۵	احمدیت — عافیت کا حصار	مکرم مجیب الرحمان صاحب ایڈووکیٹ
۳-۴۵ تا ۴-۳۰	اشاعتِ اسلام زمین کے کناروں تک	مکرم مولانا نسیم سیفی صاحب

دوسرا دن ۲۷ فتح ۱۳۶۱ ہش — ۲۷ دسمبر ۱۹۸۲ء بروز سوموار

پہلا اجلاس

۹-۱۵ تا ۹-۳۰	تلاوت قرآن کریم و نظم	
۹-۳۰ تا ۱۰-۱۵	خاتمیتِ محمدیہ کی عظیم تجلیات	مکرم سلطان محمود صاحب انور
۱۰-۱۵ تا ۱۱-۰۰	صداقت حضرت مسیح موعود از روئے قرآن	مکرم مولانا عبدالمالک خان صاحب
۱۱-۰۰ تا ۱۱-۴۵	تفسیر آیتِ استخلاف	مکرم مولوی عبدالسلام صاحب طاہر
۱۱-۴۵ تا ۱۲-۰۰	وقفہ اعلانات	
۱۲-۰۰ تا ۱-۳۰	وقفہ برائے تیاری نماز ظہر و عصر	
۱-۳۰ تا ۲-۰۰	نماز ظہر و عصر	

دوسرا اجلاس

۲-۰۰ تا ۲-۱۵	تلاوت قرآن کریم و نظم	
۲-۱۵	خطاب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز	

تیسرا دن ۲۸ فتح ۱۳۶۱ ہش — ۲۸ دسمبر ۱۹۸۲ء بروز منگل

پہلا اجلاس

۹-۱۵ تا ۹-۳۰	تلاوت قرآن کریم و نظم	
۹-۳۰ تا ۱۰-۱۵	سیرت حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رح	مکرم محمد شفیع اشرف صاحب
۱۰-۱۵ تا ۱۱-۰۰	ہجرت حضرت مسیح علیہ السلام	مکرم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب
۱۱-۰۰ تا ۱۱-۴۵	ذکرِ حبیب علیہ السلام	مکرم مرزا عبدالحق صاحب ایڈووکیٹ
۱۱-۴۵ تا ۱۲-۰۰	وقفہ اعلانات	
۱۲-۰۰ تا ۱-۳۰	وقفہ برائے تیاری نماز ظہر و عصر	
۱-۳۰ تا ۲-۰۰	نماز ظہر و عصر	

دوسرا اجلاس

۲-۰۰ تا ۲-۱۵	تلاوت قرآن کریم و نظم	
۲-۱۵	خطاب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز	

(ناظر اصلاح و ارشاد - صدر انجمن احمدیہ پاکستان - ربوہ)